"آؤ! نماز پڑھیں" طلبہ ونوجوانوں کے لئے ترغیبی تحریک

## ہفتہ واری تربیتی پروگرام برائے طلبہ ونوجوان — سلسلہ نمبر 5

# بعنوان | اللہ کے بھیجے ہوئے انبیاء ورُسل

از: مولانا غیاث احمد رشادی (صدر صفا بیت المال ومنبر ومحراب فاؤنڈیشن)

پیارے بچو! اتوار کا دن آتے ہی یقیناً تمہارے دل و دماغ میں سنڈے کلاس یاد آجاتی ہے۔ اس لئے کہ ہم مسلسل چار اتوار ایسے گزار چکے ہیں جن میں تمہیں ترتیب کے ساتھ دین وایمان کی اہم ترین باتیں بتلارہے ہیں۔

بچو! تھوڑی دیر کیلئے اس بات پر غور کرو کہ کیا تمہیں دین کی ان باتوں کے پڑھنے میں مزہ آرہا ہے اور تمہیں خوشی ہورہی ہے؟ دین وایمان کی ان باتوں کے پڑھنے، سننے اور سمجھنے میں تم کو اگر خوشی محسوس ہورہی ہو اور تمہیں اس میں مزہ بھی آرہا ہو تو تم کو مبارک ہو کہ تم واقعی ایک سچے مسلمان ہو۔ یہ بات یاد رکھو کہ دین کی کسی بھی بات کو پڑھنے اور سننے میں دل تنگ نہیں ہونا چاہئے بلکہ دل کی خوشی سے ان باتوں کو پڑھنا، سننا اور سمجھنا چاہئے۔

چلو! ہماری تمہاری باتیں کچھ زیادہ ہی ہوگئیں۔

اب ہم اپنے سلسلہ کا آغاز کرتے ہیں۔

تم جانتے ہو کہ ایمان مفصل میں اللہ پر ایمان، فرشتوں پر ایمان اور آسمانی کتابوں پر ایمان کے بعد اللہ کے بھیجے ہوئے رسولوں پر ایمان کا ذکر ہے۔

یہ بات یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کیلئے نبیوں اور رسولوں کو اس دنیا میں بھیجا تا کہ وہ اپنی اپنی قوموں کو دین وایمان کی باتیں بتلاسکیں اور انہیں نصیحت کرسکیں۔

دنیا میں چھوٹے بڑے انبیاء علیہم السلام بکثرت آئے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر اس دنیا میں آئے۔ ہوسکتا ہے کہ اس سے زیادہ بھی ہوں یا اس سے کم بھی ہوں۔ نبیوں اور رسولوں کے بارے میں بنیادی طور پر یہ بات معلوم ہو کہ کوئی بھی آدمی اپنی مرضی سے نبی یا رسول نہیں بن سکتا۔ آدمی اسی وقت نبی بن سکتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی جانب سے نبی یا رسول بنائے۔ نبیوں اور رسولوں کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی طرف سے منتخب کرتے ہیں۔



ادا کی اور آپ ﷺ نے ساتوں آسمانوں کی سیر کی اور جہاں تک مقدر میں تھا آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے قریب سے قریب ہوئے اور پانچ وقتوں کی نمازوں کا تحفہ لے کر اپنی امت کے پاس آئے، اسی معجزہ کو واقعہ معراج کہا جاتا ہے۔

بچو! یہ بات ہمیشہ ذہن میں رکھو کہ ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہ آیا اور نہ آئے گا۔ ہمارے نبی قیامت تک کے لئے نبی ہیں۔ جو کوئی یہ کہے گا کہ میں بھی نبی ہوں وہ دنیا کا سب سے بڑا جھوٹا اور دھوکہ باز ہے۔

## پیارے بچوں سے چند سوالات

سوال کا جواب دے کر بازی جیتنا سیکھو۔

1۔ ایمان مفصل میں آسمانی کتابوں پر ایمان کے بعد کس پر ایمان کا ذکر کیا گیا ہے؟

2۔ کیا تمہارے دل میں یہ پختہ ارادہ ہے کہ تم ان نبیوں اور رسولوں کے نام یاد رکھو جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے؟

4۔ صرف دس مشہور پیغمبروں کے نام لکھو؟

4۔ آدم ثانی کس کو کہتے ہیں؟

5۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک معجزہ بیان کرو؟

6۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا ایک معجزہ بیان کرو؟

7۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا ایک معجزہ بیان کرو؟

8۔ حضرت عیسی علیہ السلام کا ایک معجزہ بیان کرو؟

9۔ حضرت محمد مصطفی ﷺ کا ایک معجزہ بیان کرو؟

10۔ واقعہ معراج میں ہمارے نبی ﷺ سب سے پہلے مسجد حرام یعنی مکہ مکرمہ سے کہاں تشریف لے گئے اور وہاں کس نے آپ ﷺ کی امامت میں نماز ادا کی؟

منجانب

Bidar Betterment Foundation

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن

Reg. No. BDR-4-197/2022-23

بچو! جتنے بھی نبی اور رسول آئے ان سب نے اپنی اپنی قوموں کو توحید کی تعلیم دی یعنی یہ کہا کہ تم سب صرف ایک اللہ کی عبادت کرو۔ عبادت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو۔ اسی کا نام توحید ہے اور توحید ہمارا بنیادی عقیدہ ہے۔

دوسرا عقیدہ رسالت کا ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہبری کے لئے جتنے بھی نبیوں اور رسولوں کو بھیجا ان تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لے آئیں کہ وہ سارے کے سارے نبی اور رسول حق پر ہیں اور سچے ہیں۔

تیسرا عقیدہ آخرت کا ہے کہ ان سارے ہی نبیوں اور رسولوں نے انسانوں کو بتلایا کہ انہیں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور زندگی میں کئے ہوئے کاموں کا حساب لیا جائے گا اور اچھے کاموں پر اجر وثواب دیا جائے گا اور بُرے کاموں پر سزا دی جائے گی۔

ان نبیوں نے اپنی اپنی قوموں کو اچھے کاموں کے کرنے کا حکم دیا اور برے کاموں سے روکا۔

پیارے بچو! آج ہم تمہیں یہ بات بتانا چاہتے ہیں کہ قرآنِ مجید میں تمام نبیوں اور رسولوں کے نام نہیں ہیں بلکہ صرف 26 نبیوں اور رسولوں کے نام ہی ہیں۔ ہم تمہاری معلومات کیلئے ان نبیوں اور سولوں کے نام تحریر کر رہے ہیں۔

ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے معصوم بچوں کو ان مشہور اور جلیل القدر پیغمبروں کے نام یاد رہیں۔

افسوس کی بات ہے کہ دنیا کے مختلف ملکوں کے کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کے نام ہمارے مسلمان بچوں کو یاد ہیں لیکن نبیوں اور رسولوں اور خلفاء وصحابہ کرام رضی اللہ عنھم کے نام یاد نہیں ہیں۔

آؤ! ہم پورے انہماک کے ساتھ ان نبیوں اور رسولوں کے نام یاد کریں جن کا نام قرآن مجید میں موجود ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھوں کہ سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ ان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام ہیں اور انہیں آدم ثانی بھی کہا جاتا ہے۔ یعنی دوسرے آدم اور سب سے آخری پیغمبر ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔

(۱) حضرت آدم علیہ السلام
(۲) حضرت ادریس علیہ السلام
(۳) حضرت نوح علیہ السلام
(۴) حضرت ہود علیہ السلام
(۵) حضرت صالح علیہ السلام
(۶) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(۷) حضرت لوط علیہ السلام
(۸) حضرت اسمٰعیل علیہ السلام
(۹) حضرت اسحاق علیہ السلام
(۱۰) حضرت یعقوب علیہ السلام
(۱۱) حضرت یوسف علیہ السلام
(۱۲) حضرت شعیب علیہ السلام
(۱۳) حضرت ایوب علیہ السلام
(۱۴) حضرت ذوالکفل علیہ السلام



(۱۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام
(۱۶) حضرت ہارون علیہ السلام
(۱۷) حضرت داؤد علیہ السلام
(۱۸) حضرت سلیمان علیہ السلام
(۱۹) حضرت الیاس علیہ السلام
(۲۰) حضرت الیسع علیہ السلام
(۲۱) حضرت یونس علیہ السلام
(۲۲) حضرت زکریا علیہ السلام
(۲۳) حضرت یحییٰ علیہ السلام
(۲۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام
(۲۵) حضرت خضر علیہ السلام
(۲۶) حضرت ذوالقرنین علیہ السلام
(۲۷) حضرت لقمان علیہ السلام
(۲۸) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

اللہ تعالیٰ نے جب نبیوں اور رسولوں کو مختلف قوموں کے پاس بھیجا تو انہیں معجزے بھی عطا کئے۔

چند پیغمبروں سے مشہور معجزوں کا ذکر ہم یہاں کرتے ہیں تا کہ تمہیں یاد رہے کہ معجزے کس طرح دیئے گئے؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عصا دیا گیا جس عصا کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریا میں مارا تو بارہ راستے بن گئے جن راستوں سے بنی اسرائیل پار ہوئی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ایک چٹان پر مارا تو اس میں بارہ چشمے پھوٹ پڑے جن چشموں سے بنی اسرائیل کے بارہ قبیلوں نے اپنی پیاس بجھائی۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں کیلئے لوہے کو موم کی طرح نرم کر دیا گیا تھا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام ہواؤں میں تخت پر بیٹھ کر سفر کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے معجزہ کے طور پر ان کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا تھا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ یہ تھا کہ مادر زاد نابینا کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے تھے تو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھنے لگ جاتا تھا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتے تھے اور یوں کہتے تھے **قم باذن اللہ** اللہ کے حکم سے کڑا ہو جا، تو وہ مردہ زندہ ہو کر کھڑا ہو جاتا تھا۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ایک معجزہ یہ تھا کہ آپ ﷺ نے اپنی انگلی سے چاند کو اشارہ کیا تو وہ دو ٹکڑے ہو گیا، اسی معجزہ کو معجزہ شق القمر کہتے ہیں۔

ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ایک معجزہ یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ نے رات کے ایک حصہ میں مسجد حرام یعنی مکہ مکرمہ سے مسجد اقصیٰ پہنچے اور وہاں موجود انبیاء کرام علیہم السلام نے ہمارے نبی صلی ﷺ کی امامت میں نماز